# SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

May 19, 2021

## خواتین کی مالیاتی شمولیت کے فروغ کے پیش نظر جینڈر بانڈز کے اجراء کی گائیڈلائنز جاری

اسلام آباد (مئی 19): سکیورٹیزاینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے، صنفی مساوات کے فروغ کی جانب اہم قدم اٹھاتے ہوئے، کیپٹل مارکیٹ میں جینڈر بانڈز (Gender Bonds) کے اجراء کے لئے گائیڈلائنز جاری کر دیں ہیں۔

سکیورٹیز ایکٹ 2015 کی دفعہ 172 کے تحت جاری کردہ گائیڈلائنز کا مقصد کمپنیوں/ڈیٹ سکیورٹیز کے اجراء کنندگان کو فنانسنگ کے نئے وسائل اور مارکیٹ میں دستیاب پراڈکٹ میں تنوع لانے اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع فراہم کرنا ہے۔ جینڈر بانڈز کے اجراء سے خواتین کی مالیاتی شمولیت میں اضافہ ہوگا، انہیں کارپوریٹ سیکٹر میں رسائی حاصل ہو گی اور صنفی مساوات کے لئے کارپوریٹ اداروں میں مثبت پالیسیوں کا رجحان پیدا ہوگا۔ اس خصوصی بانڈ کے ذریعے کمپنیاں یا ادارے خواتین کی معاشی بہتری کے منصوبوں کے لئے فنڈز اکٹھا کر سکیں گے۔

ایس ای سی پی کی جاری کردہ گائیڈلائنز کے مطابق، وہ تمام اجراء کنندگان جو کہ ڈیٹ سکیورٹیز بشمول سکوک بانڈز کے اجراء کے لئے اہل ہیں، ان گائیڈلائنز اور اجراء کے شرائط وضوابط پر عمل درآمد کرتے ہوئے، جینڈر بانڈز کا اجراء کر سکتے ہیں۔ یہ وضاحت ضروری ہے کہ جینڈر بانڈز کے اجراء سے حاصل کئے گئے فنڈز کو صرف خواتین کی معاشی ترقی اور فلاح و بہبود جیسے کہ چھوٹے اور درمیانہ درجہ کے کاروبار کے لیے چھوٹے قرضوں، تکنیکی یا پیشہ وارانہ تربیت، زرعی قرضوں یا خواتین کی بہتری کے لئے دیگر منصوبوں کے لئے ہی استعمال کی جاسکتی ہے۔ جینڈر بانڈز بھی کیپٹل مارکیٹ کے دیگر ڈیٹ انسٹرومینٹ جیسے کہ پروجیکٹ بانڈ یا سیکیورٹائزیشن سکیم کی طرح کے ہو سکتے ہیں۔

مالیاتی شعبہ میں جینڈر بانڈز کا اجراء نسبتاً ایک نیا تصور ہے۔ عالمی ساکھ کے حامل جینڈرز بانڈز کمرشل بینکوں، غیر سرکاری تنظیموں، کثیر الجہتی ترقیاتی بینکوں کی جانب سے جاری کیے گئے ہیں جو کہ زیادہ تر انسٹیٹیوٹ آف کیپٹل مارکیٹ ایسوسی ایشن (آئی سی ایم اے)

کے سوشل بانڈز کے اصولوں، اقوام متحدہ کے پائیدار ترقیاتی اہداف (ایس ڈی جی) کے اصولوں پر مشتمل ہیں۔ جینڈر بانڈ سے متعلق رہنما اصول ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں
https://www.secp.gov.pk/laws/guidelines/